سارے حوالے صحت کے ساتھ دیے گئے ہیں۔ یوں تو الاسماء الحسنٰی کے حوالے سے کئی کتب تحریر کی گئی ہیں مگر یہ ان سب میں منفرد ہے۔ (شہزادالحسن چشتی)

مجموعہ رسائل عقیدہ، نواب سیّد محمد صدیق حسن خان، تسہیل و تخریج: حافظ عبداللہ سلیم، حافظ شاہد محمود۔ ناشر: دارابی الطیّب، گل روڈ، حمید کالونی، گلی نمبر۵، گوجرانوالہ۔ فون: ۰۵۵-۳۸۲۳۹۹۰۔ صفحات، جلد اوّل: ۶۱۸، جلد دوم: ۵۷۶، جلد سوم: ۶۰۹۔ قیمت: درج نہیں۔

نواب سیّد محمد صدیق حسن خان (۱۸۳۲ء-۱۸۹۰ء) انیسویں صدی کے جید علماے دین میں شمار ہوتے ہیں۔ سیّد صاحب نے اپنے قلم کی روانی اور دولت کی فراوانی کو دین اسلام کی اشاعت کے لیے خوب استعمال کیا۔ ریاست بھوپال کے صدرالمہام کے اپنے منصب کو انھوں نے دنیاوی جاہ وجلال کے اظہار کے بجاے دینِ حنیف کی تعلیم و تبلیغ کا ذریعہ بنائے رکھا۔ اُن کے اپنے بیان کے مطابق اُن کی تصانیف ۳۳ علوم میں تالیف ہوئی ہیں۔ انھوں نے خود بھی دین کی نصرت وحمایت اور خدمت و اشاعت کے جذبے سے ۲۰۰ سے زائد کتب تالیف کیں۔ دیگر علما کو بھی اس طرف متوجہ کیا اور اُن کے لیے خصوصی وظائف کا بندوبست کر کے اُن سے تصنیف و تالیف کا کام لیا۔ برعظیم پاک و ہند میں کتبِ حدیث کی اشاعت کا وسیع اہتمام آپ کی توجہ سے ہوا۔ زیرنظر کتاب مسائل عقیدہ کی بحثوں پر مشتمل ہے جو تین مجلدات (تقریباً ۱۸۰۰ صفحات) پر محیط ہے۔

یہ کتاب مصنف کے طبع زاد اور ترجمہ شدہ دونوں طرح کے ۱۵ سے زائد رسائل، یعنی کتابچوں کا مجموعہ ہے۔ جلد اوّل: سات رسائل، جلد دوم: چار رسائل اور جلد سوم بھی چار رسائل پر مشتمل ہے۔ توحید و شرک ان رسائل کا بنیادی موضوع ہے اور اسی موضوع کی جملہ تفصیلات میں سیکڑوں ذیلی عنوانات کے تحت عقائد سے متعلّق مسائل پر جان دار علمی بحثیں کی گئی ہیں۔ بیش تر رسائل عربی کتب یا کتابوں کے تراجم، ماخوذات، اختصارات اور استفادات ہیں۔ نواب سیّد محمد صدیق حسن خان نے ان رسائل عقیدہ میں اہلِ سنت کے متفقہ عقائد کو علماے سلف وخلف کی آرا کی روشنی میں واضح کیا ہے۔ نواب صاحب کے قائم کردہ عنوانات رسائل سے محمد بن عبدالوہاب کی کتاب التوحید کی شرح فتح المجید (تالیف: عبدالرحمٰن بن حسن) کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔ تاہم اس مجموعے میں اُن کے تحریر کردہ تمام رسائل عقیدہ کا احاطہ نہیں کیا گیا۔ اس مجموعے میں شامل